علیہ وسلم کا زندہ وجاوید معجزہ تو یہ ہے کہ آپ کی حیاتِ مبارک پر لکھنے والوں اور آپ ﷺ کے کارناموں کی تحسین کرنے والوں میں صرف آپ کے عقیدت مند ہی شامل نہیں بلکہ وہ بھی موجود ہیں جو بزعم خود آپ کے نقادوں میں شامل ہوتے ہیں، یقیناً ان کی قسمت میں ہدایت نہیں تھی، لیکن پھر بھی وہ اپنے ہزار تعصبات کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کئے بغیر نہ رہ سکے۔ لیکن اس کے باوجود ایسی کتابیں اگر شمار کی جائیں جو پہلی ہی نظر میں اپنا رنگ جمانے میں کامیاب ہو جاتی ہیں تو وہ چند ایک ہی ملیں گی، اور زیر نظر کتاب انہی میں سے ایک ہے، مواد کی فراہمی، ترتیب کی مناسبت، حوالہ جات کے اہتمام اور عنوانات کی موزونیت میں محنت، لگن، جستجو اور ذوقِ سلیم کا ثبوت دیا گیا ہے، حوالہ جات اکثر اردو کتب یا عربی کتب کے اردو ترجموں کے ہیں، لیکن جو بات جہاں سے لی گئی ہے اس کی وضاحت کر دی گئی ہے، بعض مقامات پر البتہ حوالہ جات کی کمی کھٹکتی ہے۔ جسے امید ہے آئندہ اشاعت میں مکمل کر لیا جائے گا، کتاب کی طباعت بھی عمدہ ہے، اور معیار ہی کے سبب یہ کتاب انڈیا سے بھی شائع ہو چکی ہے۔

نام کتاب : "سوانح مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ"

مؤلف : مولانا عبدالقیوم حقانی

صفحات : ۳۲۰

قیمت : درج نہیں

ناشر : القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، نوشہرہ، سرحد،

تبصرہ نگار : مولانا محمد اسماعیل، خیر پور ٹامیوالی، بہاولپور،

زیر نظر کتاب شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ کی جامع سوانح ہے، جسے آپؒ کے لائق شاگرد مولانا عبدالقیوم حقانی نے ترتیب دیا ہے، ۹۳ء میں حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کی یاد میں ماہنامہ الحق اکوڑہ خٹک کا ایک ضخیم نمبر شائع ہوا تھا، زیر نظر کتاب کا اکثر حصہ اسی سے مستعار ہے، کچھ حصہ مؤلف کی دوسری کتاب صحبتے با اہل حق سے ماخوذ ہے، مگر ترتیب جدید اور نئی معلومات کے اضافے نے کتاب کی قدر و قیمت میں اضافہ کر دیا ہے، عمدہ کاغذ اور مضبوط جلد کے ساتھ یہ کتاب تذکروں اور سوانح کی فہرست میں عمدہ اضافہ ہے، الفاظ کا (کمپیوٹر پوائنٹ) سائز معمول سے زیادہ ہے، اسے معمول کے مطابق استعمال کیا جاتا تو ضخامت کم ہو سکتی تھی۔